**01.10.2023**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............عبدالمالک

**Music**

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے گاندھی جینتی سے قبل آج صفائی ستھرائی کی بڑی مہم میں شامل ہو کر ملک کی قیادت کی۔ سووچھتا ہی سیوا ابھیان کے تحت پورے ملک میں تقریباً 7 لاکھ پروگراموں کا اہتمام کیا گیا۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی تلنگانہ میں 13 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کے مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹ ملک کے نام وقف کرنے والے ہیں۔

☆ بھارت نے اسکاٹ لینڈ کے گلاسگو میں غیرمقامی انتہاپسند عناصر کے واقعے کی مذمت کی ہے۔

☆ آن لائن Gaming، سٹے بازی، Gambling، گھوڑوں کی دوڑ اور لاٹری پر آج سے 28 فیصد GST عائد ہوگا۔

☆ اور Hangzhou میں جاری ایشیائی کھیلوں میں بھارت نے آج سونے کا ایک اور تمغہ اور چاندی کے دو تمغے جیتے۔ بھارت اب تک 41 تمغے جیت چکا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Swachhata Ek Ghanta**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج صفائی ستھرائی کی بڑی مہم میں شامل ہوکر سووچھتا ہی سیوا ابھیان میں ملک کی قیادت کی۔ جناب مودی تندرستی کی حوصلہ افزائی کرنے والے Ankit Baiyanpuriya کے ساتھ اِس مہم میں شامل ہوئے اور کوڑا کرکٹ اور کچرے کو صاف کیا۔ جناب مودی نے Ankit کے ساتھ گفتگو بھی کی، جہاں اُنہوں نے تندرستی کی ضرورت پر زور دیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیراعظم نے صفائی ستھرائی کی سرگرمیوں کے دوران اُن کے ساتھ اپنی گفتگو کا ایک ویڈیو بھی جاری کیا۔ صفائی ستھرائی کیلئے ''ایک تاریخ، ایک گھنٹہ، ایک ساتھ'' پہل کے حصے کے طور پر وزیراعظم نریندر مودی کی پُرزور اپیل کے تناظر میں آج ملک بھر میں لوگوں نے صفائی ستھرائی کی بڑی مہم میں حصہ لیا۔

جناب مودی نے لوگوں سے یہ اپیل کی تھی کہ وہ مہاتما گاندھی کے یوم پیدائش سے قبل اُنہیں خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے آج صبح دس بجے صفائی ستھرائی کی مہم کیلئے ایک گھنٹے شرم دان کریں۔ من کی بات کے گزشتہ نشریے میں وزیراعظم نے سووچھتا ہی سیوا ابھیان کی اہمیت کو اُجاگرکرتے ہوئے لوگوں پر زور دیا تھا کہ وہ وقت نکال کر آج صفائی ستھرائی کی بڑی مہم میں شامل ہوں۔

زندگی کے سبھی شعبوں سے وابستہ لوگوں نے بازاروں، ریل پٹریوں، آبی ذخائر، سیاحتی مقامات اور عبادت گاہوں سمیت عوامی مقامات پر صفائی ستھرائی کی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔

قومی راجدھانی میں بی جے پی صدر جے پی نڈا، مرکزی وزیروں دھرمیندر پردھان، ڈاکٹر جتیندر سنگھ، ہردیپ سنگھ پوری، میناکشی لیکھی، راجیو چندر شیکھر اور دیگر رہنماؤں نے سووچھتا ابھیان میں حصہ لیا۔

صفائی ستھرائی کی بڑی مہم کے تحت ملک کے شہری اور دیہی علاقوں سے شرم دان کیلئے 6 لاکھ 40 ہزار سے زیادہ مقامات کو چُنا گیا تھا۔ اِس منفرد پہل میں بھارتی فوج، بحریہ اور فضائیہ کے اہلکار بھی مختلف مقامات کو صاف کرنے کیلئے عام لوگوں کے ساتھ شامل ہوئے۔

بڑی تعداد میں ریزیڈنٹ ویلفیئر ایسوسی ایشنز بھی تقریباً ایک لاکھ رہائشی علاقوں میں شرم دان کیلئے رضاکارانہ طور پر آگے آئی ہیں۔

## Telangana PM Visit

وزیراعظم نریندر مودی تلنگانہ میں محبوب نگر پہنچنے والے ہیں۔ وزیراعظم 13 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کو ملک کے نام وقف کریں گے اور کچھ پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔ یہ پروجیکٹ سڑک اور ریل بنیادی ڈھانچے، تعلیم اور توانائی کے شعبوں میں ہیں۔

جناب مودی 505 کروڑ روپے کی لاگت سے منیرآباد-محبوب نگر سیکشن پر تعمیر کی گئی نئی ریلوے لائن ملک کے نام وقف کریں گے اور Kachiguda-Raichur ٹرین سروس کا افتتاح کریں گے۔ وہ 2 ہزار 457 کروڑ روپے کی لاگت سے سوریہ پیٹ اور کھمم کے درمیان بنائی گئی چار لین والی شاہراہ کا بھی افتتاح کریں گے۔

وزیراعظم 6 ہزار 400 کروڑ روپے مالیت کے کئی دیگر سڑک پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔ جناب مودی حیدرآباد میں مرکزی یونیورسٹی میں 81 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کی گئی چار عمارتوں کا ورچوئل وسیلے سے افتتاح بھی کریں گے۔ وہ آج شام محبوب نگر میں ایک جلسۂ عام سے بھی خطاب کرنے والے ہیں۔ جناب مودی کل نظام آباد جائیں گے اور 8 ہزار 21 کروڑ روپے کی مالیت کے کچھ پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور کچھ دیگر پروجیکٹوں کو ملک کے نام وقف کریں گے۔

وزیراعظم ہاسن-چارلاپلی LPG پائپ لائن ملک کے نام وقف کریں گے، جسے ہندوستان پٹرولیم کارپوریشن لمیٹڈ HPCL نے 2 ہزار 661 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا ہے۔ اِس طرح 37 لاکھ سے زیادہ صارفین کو LPG گیس مل سکے گی۔

## India Glasgow Incident

بھارت نے اسکاٹ لینڈ کے شہر گلاسگو میں پیش آئے اس واقعے کی مذمت کی ہے جس میں برطانیہ میں بھارت کے ہائی کمشنر دورائی سوامی کو ایک گردوارہ میں پہلے سے طے شدہ ایک تقریب میں شرکت کے لیے غیر مقامی انتہا پسند عناصر کی جانب سے داخل ہونے سے روک دیا گیا۔ لندن میں بھارت کے ہائی کمیشن نے ایک بیان میں اس کو ایک توہین آمیز واقعہ قرار دیا۔ ہائی کمیشن نے کہا کہ تین افراد نے جو سبھی گلاسگو کے باہر کے تھے، جان بوجھ کر گردوارہ کمیٹی، ہائی کمشنر اور بھارت کے قونصل جنرل کی جانب سے منعقدہ تقریب میں رکاوٹ ڈالی۔

**GST Online Gaming**

سرکار نے کہا ہے کہ اب سے آن لائن Gaming، سٹے بازی، Casinos، Gambling، گھوڑوں کی دوڑ اور لاٹری پر 28 فیصد GST لگے گا۔ ایک گزٹ نوٹیفکیشن میں وزارتِ خزانہ نے کہا ہے کہ GST کی ترمیم شدہ دفعات کا اطلاق آج سے ہوگیا ہے۔

اِس سال اگست میں GST کونسل کی 51 ویں میٹنگ میں 28 فیصد GST لگانے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔

**Maldives-Prez Election**

مالدیپ میں اپوزیشن PPM-PNC اتحاد کے رہنما ڈاکٹر محمد Muizzu نے صدارتی انتخابات میں جیت حاصل کرلی ہے۔ عارضی نتائج کے مطابق، ڈاکٹر Muizzu کو 53 فیصد سے زائد ووٹ حاصل ہوئے ہیں۔

منتخب شدہ صدر نے X پر ان تمام لوگوں کا شکریہ ادا کیا جنھوں نے ان کے حق میں ووٹ دیا۔ انہوں نے بدعنوانی کے الزامات میں 11 برس کی سزا کاٹ رہے عبد اللہ یامین کو رہا کئے جانے پر زور دیا۔ صدر جناب ابراہیم محمد صالح نے بھی ڈاکٹر Muizzu کو مبارکباد دی اور انتخابات میں ایک جمہوری مثال قائم کرنے پر مالدیپ کے لوگوں کا شکریہ ادا کیا۔

**PM Maldives**

وزیراعظم نریندر مودی نے ڈاکٹر محمد Muizzu کو مالدیپ کا صدر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی ہے۔سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیراعظم نے کہاکہ بھارت وقت کی کسوٹی پر کھرے اُترنے والے باہمی تعلقات کو مستحکم بنانے اور بحرہند کے خطے میں اپنے مجموعی اشتراک کو وسعت دینے کا پابندرہا ہے۔

**Army-33 Raising**

فوجی تربیتی کمان آج اپنا 33 واں یومِ تاسیس منا رہی ہے۔ مدھیہ پردیش کے Mhow میں 1991 میں آج کے ہی دن یہ کمان قائم کی گئی تھی۔ بعد میں مارچ 1993 میں اِسے شملہ منتقل کردیا گیا۔ فوجی تربیتی کمان سبھی شعبوں میں بھارتی فوج کو تربیت فراہم کرتی ہے۔

**Nilgris Tourst Bus Accident**

تمل ناڈو میں کل کونور نیلگریس کے مقام پر ایک بس کے کھائی میں گرنے کے حادثے میں آٹھ افراد ہلاک اور 42 زخمی ہوگئے۔

بس Tenkasi سے 60 مسافروں کے ساتھ اوٹی واپس آ رہی تھی۔ زخمیوں کو اوٹی اور کوئمبٹور کے اسپتالوں میں داخل کرایا گیا ہے۔ حادثے کی وجہ بریک فیل ہونے کو بتایا جا رہا ہے۔

**PM-EX Gratia**

وزیراعظم نریندر مودی نے Coonoor بس حادثے میں ہلاک ہونے والوں کے لواحقین کیلئے 2-2 لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا ہے۔ زخمیوں کو 50-50 ہزار روپے دیئے جائیں گے۔ جناب مودی نے تمل ناڈو کے نیل گری میں Coonoor

کے نزدیک حادثے میں لوگوں کی جان ضائع ہونے پر دُکھ کا اظہار کیا ہے اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔

**Dengue Fever Camps**

تمل ناڈو کے محکمۂ صحت نے ریاست میں ڈینگو کے واقعات میں اضافے کے تناظر میں آج ایک ہزار مقامات پر بخار کی جانچ کے کیمپ لگائے ہیں۔چنئی میں 54 معاملات سمیت اب تک ڈینگو کے مجموعی طور پر 363 کیس سامنے آئے ہیں۔

**Asian Games**

چین کے شہر Hangzhou میں جاری ایشیائی کھیلوں کے آج آٹھویں دن بھارت نے سونے کا ایک اور چاندی کے دو تمغے جیتے ہیں۔ اِس طرح بھارت اب تک مجموعی طور پر 41 تمغے جیت چکا ہے۔ اِن میں سونے کے 11، چاندی کے 16 اور کانسے کے 14 تمغے شامل ہیں۔ بھارت فی الحال چوتھی پوزیشن پر ہے۔ آج صبح مردوں کے Trap ٹیم نشانے بازی مقابلے میں بھارت نے سونے کا تمغہ جیتا۔ بھارت کو خواتین کے Trap ٹیم مقابلے میں بھی چاندی کا تمغہ ملا۔ خواتین کے انفرادی گولف مقابلے میں Aditi Ashok نے چاندی کا تمغہ جیتا۔ اِدھر بھارت کی مردوں کی بیڈمنٹن ٹیم آج فائنل میں موجودہ چمپئن چین کا سامنا کر رہی ہے۔